بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مسجد کے باہر کی صفوں کے درمیان دو فٹ کا فاصلہ ہو تو نماز کا حکم

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورونا کی وجہ سے مسجد میں جگہ کم ہوتی ہے اور باہر صفوں کے درمیان دو دو فٹ کا فاصلہ ہوتا ہے۔ تو کیا اس صورت میں مسجد سے باہر رہ کر اقتداء کرنے والے مقتدی کی نماز ہو جائے گی؟

**سائل: عبد الرحیم، سرگودھا**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر مسجد کے باہر صفیں بنائی جائیں تو وہاں بھی صفوں کا اتصال ضروری ہے یعنی مسجد کی صفوں اور باہر کی صفوں کے درمیان، اسی طرح مسجد سے باہر والے صفوں کے درمیان کوئی عام راستہ (شارع عام، وسیع نہر وغیرہ) یا دو صفوں کے بقدر فاصلہ نہ ہو۔ یہ فاصلہ تقریباً پانچ سے چھ فٹ بنتا ہے۔ اس لیے اگر دو صفوں کے درمیان پانچ سے چھ فٹ کا فاصلہ ہو تو اقتداء درست نہ ہو گی۔

سوال میں ذکر کردہ صورت میں فاصلہ دو فٹ ہے۔ اس لئے مسجد سے باہر والے مقتدیوں کی نماز درست ہو گی۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**16-اپریل 2021ء**